بلوچی۔اُردو

بول چال

(اضافہ شدہ ایڈیشن)

عزیز محمد بگٹی

بلوچی اکیڈمی کوئٹہ

www.balochiacademy.org

Email: balochiacademy@gmail.com

© بلوچی اکیڈمی کوئٹہ

کتاب	:	بلوچی۔اردو بول چال
مصنف	:	عزیز محمد بگٹی
پروف ریڈر	:	الفت نسیم
ڈیزائننگ	:	مہرگ بلوچ
کمپیوٹر کمپوزنگ	:	نذر بلوچ
پرنٹرز	:	یونائیٹڈ پرنٹرز کوئٹہ
اشاعت دوئم	:	1994ء
اشاعت سوئم	:	2013ء
تعداد	:	500
قیمت	:	-/300

ISBN : 978 - 969 - 8557 - 96- 6

فہرست

عرضِ ناشر	......محمد پناہ بلوچ	7
تعارف	......ملک محمد پناہ	8
سرگال	......عزیز محمد بگٹی	10
اشاعت دوئم	......عزیز محمد بگٹی	12
اشاعت سوئم	......عزیز محمد بگٹی	13
بلوچی حروف کی تشریح		14
بلوچی حروف ابجد		15
بلوچی حروف ابجد کا استعمال		16
بلوچی الفاظ کا استعمال		18
بلوچی الفاظ سے فقرے		19
بلوچی گنتی		21
اسم ضمیر		28
اسم ضمیر جملوں میں		29
عزیز و اقارب		30
بات چیت		32
جسمانی اعضاء		33
بات چیت		35

گھریلو اشیاء 36
بات چیت 38
سبزی، میوے اور پھلوں وغیرہ کے نام 40
بات چیت 42
لباس 44
بات چیت 45
حروف جار 46
دن، موسم، وقت 49
بات چیت 51
پرندے اور جانوروں کے نام 54
بات چیت 57
کائنات 59
بات چیت 59
مصادر اور افعال 63
ماضی مطلق 64
حال جاری 65
فعل مستقبل 65
بلوچی فعل میں تذکیر و تانیث 67
بلوچی حال احوال اور روزمرہ مکالمے 67
فرہنگ 74

☆

☆/☆

عرضِ ناشر

بلوچی اکیڈمی 1958ء سے بلوچی زبان و ادب، ثقافت، تاریخ اور روایات کے فروغ اور ان کے تحفظ کے جدو جہد میں مصروف عمل ہے۔

بلوچی اکیڈمی نے بلوچی زبان و ادب کے علاوہ بلوچ قوم اور بلوچستان کے بارے میں مختلف اور ہمہ نوع موضوعات پر بلوچی سمیت، اردو، انگریزی اور فارسی میں سینکڑوں کتابیں شائع کی ہیں۔ اسی طرح علمی و ادبی، تاریخی و ثقافتی سرمایہ جو سینہ در سینہ ایک نسل سے دوسری نسل میں منتقل ہوتے ہوئے جو مواد ہم تک پہنچے ہیں، ہم نے ان کو محققین کے دور سے یکجا کر کے کتابی صورت میں شائع کئے ہیں۔

بلوچی اکیڈمی نے اپنے قیام سے اب تک ساڑھے تین سو سے زائد کتابیں شائع کی ہیں۔ جو زیادہ تر بلوچی ادب، روایات، تہذیب و ثقافت، تاریخ، لوک ادب، لوک کہانیوں، گرامر اور سوانحی خاکوں پر مشتمل ہیں۔

بلوچی اکیڈمی کی جانب سے شائع شدہ کتابیں یونیورسٹی، کالجوں اور اسکولوں کے علاوہ وفاقی اور صوبائی پبلک سروس کمیشنز کے مقابلوں کے امتحانی کورسز میں شامل ہیں۔ اس لئے ان کی مانگ بہت زیادہ ہے۔ جب کہ یہ کتابیں ختم اور نایاب ہو گئی ہیں۔ اس لئے ہم انہیں دوبارہ شائع کرنے کا اہتمام کر رہے ہیں۔

جناب عزیز بگٹی کی لکھی ہوئی کتاب "بلوچی اردو بول چال" بھی ان نایاب کتب میں شامل ہے۔ لہٰذا ہم انہی ضرورتوں کے لئے یہ کتاب پھر سے شائع کر رہے ہیں، تا کہ ضرورت مند اس سے استفادہ کریں۔ واضح رہے کہ اس میں مصنف نے اضافے بھی کئے ہیں۔

کوئٹہ
12 نومبر 2013

محمد پناہ بلوچ
جنرل سیکریٹری

تعارف

مختلف زبانیں بولنے والے اور مختلف ثقافتوں کے امین پاکستانی عوام کو ذہنی طور پر متحد کر کے واحد قوم کا روپ دینے کے لئے جن عوامل کو بروئے کار لانے کی شدید ضرورت ہے، ان میں سے زبان کے مسئلے کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔

تیس سال گذرنے کے بعد آج بھی سندھ، سرحد یا پنجاب کا کوئی فرد.. خواہ وہ تعلیم یافتہ شہری ہو یا ان پڑھ دیہاتی، کسی ان پڑھ بلوچ دہقان یا چرواہے سے گفتگو کرنا چاہے تو وہ اس میں ہرگز کامیاب نہیں ہو سکے گا۔ یہی دشواری ایک بلوچ کو دوسرے صوبوں کے ان لوگوں سے ملتے وقت درپیش ہوگی جو صرف اپنی مادری زبان جانتے ہیں۔ اس طرح اگر غور کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ محض لسانی فرق کے باعث ایک ہی ملک کے لاکھوں یا کروڑوں باشندے ایک دوسرے کے لئے اجنبی ثابت ہوں گے۔ ظاہر ہے کہ ایسی صورت حال کی موجودگی میں ملک کی سالمیت اور یکجہتی کا تصور عملی طور پر فروغ نہیں پا سکتا۔ جو عوام ایک دوسرے کے ماضی الضمیر سے ہی نا آشنا ہوں ان میں افکار و نظریات کی ہم آہنگی اور یکسانیت کیوں کر پروان چڑھ سکتی ہے؟

ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ اس بُعد کو رفع کرنے کے لئے حکومتی سطح پر پاکستان کے قائم ہوتے ہی عملی تدابیر اختیار کی جاتیں اور ہر صوبے میں کم از کم پرائمری تک صوبے کی اکثریتی زبان کو اردو کے ساتھ ساتھ لازمی مضمون کی صورت میں بڑھایا جاتا اور پھر اعلیٰ سطح تک اسے اختیاری مضمون کے طور پر رائج کیا جاتا لیکن حکمرانوں کی ذاتی اور وقتی مصلحتوں کے تحت ایسا نہیں ہو سکا۔ بلکہ جہاں سندھ اور سرحد میں سندھی اور پشتو زبانیں دور غلامی سے درس و تدریس کا وسیلہ تھیں۔ ان کے ساتھ بھی منفی سلوک کیا گیا۔

بلوچستان میں متعدد بار بلوچی زبان کو ابتدائی تعلیم کا ذریعہ قرار دینے کے بارے میں مطالبات کئے گئے اور ایک دو مرتبہ سرکاری طور پر ابتدائی قاعدے تک بلوچ ادیبوں سے لکھوائے گئے، لیکن کوئی نتیجہ برآمد نہ ہوا۔ تاریخی حقائق اور معروضی حالات سے عوام نے جو شعور حاصل کیا ہے۔ اس نے عوام میں از خود اس احساس کو جنم دیا ہے کہ باہمی یگانگت و یکجہتی کی خاطر ان کے لئے ایک دوسرے کی زبانوں سے واقف ہونا ضروری ہے۔ چنانچہ آج بیشتر پڑھے لکھے شہری کتب فروشوں کے ہاں اس قسم کی کتابیں تلاش کرتے پائے

جاتے ہیں۔ جو بلوچی زبان سیکھنے میں مدد دیں۔

بد قسمتی سے بلوچستان میں اشاعتی اداروں کا مدتوں تک وجود ہی نہ تھا، جہاں سے اس قسم کی کتابیں شائع ہوتیں۔ کئی سال پہلے "بلوچی گپ وگال" کے نام سے مولوی محمد قاسم عینی کی ترتیب دادہ ایک کتاب اس موضوع پر شائع ہوئی، جو ضلع خاران کے ایک علم دوست ڈپٹی کمشنر کی علم پروری اور مالی امانت کی مرہون منت ہے۔ لیکن اس وقت یہ واحد کتاب بھی نایاب ہو چکی ہے۔ اس کے بعد اب اس ضرورت کی تکمیل کی غرض سے میرے ایک عزیز رفیق جناب عزیز محمد بگٹی نے زیر نظر کتاب "بلوچی۔ اردو بول چال" کے نام سے ترتیب دی ہے جو بلوچی زبان سیکھنے کے خواہش مندوں کے لئے کافی حد تک مفید ثابت ہوگی۔

یہاں اس بات کی وضاحت ضروری ہے کہ بلوچوں کی آبادی ایک وسیع رقبے میں پھیلی ہوئی ہے ایک حصہ سندھ کی سرحد کے ساتھ ساتھ واقع ہے اور دوسرے کی سرحدیں ہمسایہ ملک ایران سے ملی ہوئی ہیں۔ اس طرح مختلف زبانیں بولنے والے ہمسایوں سے میل جول اور جغرافیائی فاصلوں کے باعث دونوں حصوں کی بولیوں میں لہجے اور تلفظ کا فرق ناگزیر امر ہے، تاہم مطالب و معانی کے اعتبار سے ان میں کوئی فرق نہیں۔ چنانچہ اس حقیقت کا اظہار کتاب کے مرتب کنندہ نے خود بھی واضح کر دیا ہے چونکہ ان کا تعلق بلوچستان کے مشرقی علاقے سے ہے، اس لئے اس میں وہ مشرقی لہجہ اپنانے میں حق بجانب ہیں۔

امید ہے کہ یہ کتاب جس نیک جذبے کے تحت لکھی گئی ہے اسی جذبے سے اس کی پذیرائی کی جائے گی۔ اس کے مطالعہ سے زبان سیکھنے کے خواہش مند حضرات اس قابل بن سکیں گے کہ وہ کسی بلوچ سے روزمرہ زندگی کے معمولات پر سادہ زبان میں گفتگو کر سکیں۔ یہ عمل ذہنی فاصلوں کو کم کرنے میں یقیناً مددگار ثابت ہوگا۔ اس کے ساتھ ہی عوامی اتحاد کے خواہش مند ادیبوں سے گذارش کروں گا کہ وہ اپنی علمی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر اس سے زیادہ جامع کتاب پیش کریں۔

ملک محمد پناہ

کوئٹہ ۹ را کتوبر ۱۹۷۷ء

وائس چیئرمین بلوچی اکیڈمی

سرگال

بلوچستان کے خطے کو حالیہ برسوں میں کچھ اس قدر شہرت حاصل ہوئی ہے۔ شاید یہی وجہ ہے کہ بلوچستان کے بارے میں ڈیڑھ سو سال قبل شائع شدہ انگریزی کتب کو ملک کے مختلف اشاعتی ادارے دوبارہ چھاپ کر اتنی قیمتوں پر فروخت کر رہے ہیں، جو شاید دنیا کے کسی بھی بہترین اشاعتی ادارے کی شائع کردہ کتب کی نہ ہو۔ بلوچوں کی تاریخ کے بارے میں ایک کتاب جو آج سے دس سال قبل پندرہ روپے میں عام مل جاتی تھی آج اسی کتاب کا دوسرا ایڈیشن ڈیڑھ سو روپے میں فروخت ہو رہا ہے۔

لیکن اس قدر شہرت کے باوجود خود ہمارے اپنے ملک کے اندر بلوچستان سے متعلق معلومات اور واقفیت کا یہ عالم ہے کہ بیشتر اہل علم حضرات کو یہ بھی معلوم نہیں کہ بلوچستان میں بسنے والے لوگوں کو "بلوچ" کہا جاتا ہے اور جو زبان وہ بولتے ہیں وہ "بلوچی" کہلاتی ہے۔ ہمارے دانشور، صحافی اور ملکی سیاست دان تک لفظ "بلوچی" کو بلوچوں کی زبان کی بجائے ان کی قومیت کے معنوں میں استعمال کرتے ہیں۔ حالانکہ جس طرح ترک ایک قوم ہے اور ترکی ان کی قومی زبان ہے۔ عرب قوم اور ان کی زبان عربی ہے۔ اسی طرح بلوچی وہ زبان ہے جو بلوچ بولتے ہیں۔ ہمارے ملک میں بہت سے لوگ بلوچستان اور بلوچوں کے بارے میں معلومات اور ریسرچ کرنا چاہتے ہیں۔ اس مقصد کے لئے ضروری ہے کہ ان کو بلوچی زبان کے بارے میں بنیادی سوجھ بوجھ حاصل ہوتا کہ وہ خود صوبے کے اندرونی خطوں میں جا کر عملاً یہاں کے بود و باش، رسم و رواج اور تاریخ کے بارے میں صحیح معلومات جمع کر سکیں۔

میرے کئی دوستوں نے بلوچی زبان سیکھنے کے بارے میں اپنی خواہش کا اظہار کیا اس نے میرے دل میں بلوچی اردو بول چال کے موضوع پر ایک مختصر کتاب تحریر کرنے کی خواہش پیدا کر دی تا کہ بلوچی زبان سیکھنے کی خواہش رکھنے والے افراد کے لئے معاون ثابت ہو اور وہ گھر بیٹھے بلوچی زبان کے بارے میں اس قدر

جان سکیں کہ وہ کسی بلوچ کی بات سمجھ سکیں اور کسی حد تک بلوچی زبان میں اپنا مافی الضمیر ادا کر سکیں۔ یہ کتاب مذکورہ خواہش کی عملی صورت ہے۔ اس میں میں نے بنیادی نوعیت کے الفاظ اور روزمرہ استعمال کی اشیاء و فقرات ہی کو شامل کیا ہے اور طوالت سے دانستہ گریز کیا ہے۔ میں اس کوشش میں کہاں تک کامیاب ہوا ہوں، اس کا فیصلہ بلوچی زبان سیکھنے کے خواہش مند حضرات ہی کتاب کا مطالعہ کرنے کے بعد کر سکیں گے۔

نہ یہ کتاب ہمہ پہلو مکمل ہے نہ ہی میں خود کو بلوچی زبان پر ایک سند سمجھتا ہوں۔ اس لئے ممکن ہے اس میں کچھ خامیاں رہ گئی ہوں۔ اس کے لئے بلوچی زبان کے دانشوروں نیز کتاب کا مطالعہ کرنے والے ہر فرد سے التماس ہے کہ وہ اپنی رائے اور مشوروں سے آگاہ کریں میں اسے اپنے لئے تعاون و افتخار سمجھوں گا۔

آخر میں میں بلوچی زبان کے بزرگ دانشور ملک محمد پناہ صاحب کا شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں جنہوں نے اپنی مصروفیات کے باوجود کتاب کے مسودے کا تفصیلی مطالعہ کر کے میری مدد کی۔

عزیز محمد بگٹی

بلوچستان یونیورسٹی، کوئٹہ

اشاعت دوئم

کئی سال پہلے میں نے بلوچی زبان سے دلچسپی رکھنے والوں کی خاطر ایک مختصر سی کتاب تحریر کی تھی جسے بلوچستان سے محبت اور قومی زبانوں سے قلبی وابستگی رکھنے والے ایک عظیم شخص زمرد حسین مرحوم نے، جسے اب بھی مرحوم لکھتے ہوئے دل اور قلم کا رشتہ ٹوٹ جاتا ہے، اپنے اشاعتی ادارے قلات پبلشرز کی جانب سے شائع کیا تھا۔ کچھ عرصے کے اندر ہی اس کی تمام کاپیاں فروخت ہو گئیں۔

میرے چند کتب فروش دوست کافی عرصے سے یہ تقاضہ کر رہے تھے کہ مذکورہ کتاب کا نیا ایڈیشن شائع کر کے بازار میں لایا جائے تا کہ اس سے دلچسپی رکھنے والے اس سے مستفید ہو سکیں۔

میں نے کتاب پر مکمل نظر ثانی اور مفید اضافوں کے بعد اس کی دوبارہ اشاعت کا اہتمام کیا ہے۔ اس مرتبہ یہ بلوچی اکیڈمی کے توسط سے شائع ہو رہی ہے۔ جو پہلے ہی اس ضمن میں کافی کام کر چکی ہے۔

گو کہ اس ضمن میں آغا میر نصیر خان احمدزئی کی ایک کتاب بھی موجود ہے لیکن بلوچی زبان سیکھنے سے دلچسپی رکھنے والے افراد کے لئے ابتدائی طور پر ایک مختصر کتاب کی ضرورت ہے۔ جسے کم سے کم وقت میں پڑھ کر وہ ابتدائی معلومات حاصل کر سکیں۔ اس کے بعد ہی ایک جامع کتاب کار آمد ثابت ہو سکتی ہے۔

بہر حال بلوچی اردو بول چال کی کتاب نئے اضافوں کے ساتھ پیش خدمت ہے۔ امید ہے کہ اس مرتبہ بھی اسے قبولیت کا درجہ حاصل ہو گا۔ اس ضمن میں قارئین کی مفید تجاویز کا انتظار رہے گا، تا کہ آئندہ ان تجاویز سے رہنمائی حاصل کی جا سکے۔

عزیز محمد بگٹی

کوئٹہ

اشاعت سوئم

بلوچی اکیڈمی نے اس کتاب کا دوسرا ایڈیشن جنوری 1994 میں شائع کیا تھا۔ اب اس کا تیسرا ایڈیشن بھی بلوچی اکیڈمی کے توسط سے شائع کیا جا رہا ہے۔ اس میں کچھ ترمیم اور اضافہ جات بھی شامل ہیں۔ اس ضمن میں جب میں نے بلوچی اکیڈمی کے چیئرمین جناب واحد بندیگ سے بات کی تو انہوں نے کہا کہ اس کا تیسرا ایڈیشن بھی وہی سامنے لائیں گے۔ اس لئے مسودہ تیار کر کے ان کے حوالے کیا جا رہا ہے۔

عزیز محمد بگٹی

کوئٹہ

بلوچی حروف کی تشریح

بلوچی زبان کے حروف ابجد بالعموم وہی ہیں جو اردو زبان میں مستعمل ہیں۔ چونکہ اس کی تحریری تاریخ کچھ زیادہ عرصے پر محیط نہیں ہے۔ اس لئے بلوچی زبان اور ادب میں تخلیق اور ترویج کا سلسلہ جاری ہے۔ اس ضمن میں چند سال قبل بلوچی اکیڈمی کے چند معزز ممبران نے بلوچی حروف ابجد کو مرتب کیا۔ جن کی رو سے اردو ابجد کے چند حروف کو بلوچی زبان سے حذف کر دیا گیا۔ مثلاً ح، خ اور ف وغیرہ۔ لیکن اب تک یہ قبولیت عام حاصل نہ کر سکا اور اب تک مختلف رسائل اور جرائد میں بلوچی لکھنے والوں کی اپنی انفرادیت قائم ہے۔ حتیٰ کہ بلوچی اکیڈمی کے زیر اہتمام شائع شدہ بلوچی کتب میں بھی اس کے اپنے مرتب کردہ نظام ابجد کو لازمی طور پر اختیار نہیں کیا گیا۔

ایک چیز کا ذکر البتہ ضروری ہے وہ یہ کہ مشرقی علاقوں میں بولی جانے والی بلوچی میں دو حروف کی ادائیگی مختلف تلفظ اور لہجے کے ساتھ کی جاتی ہے۔ وہ حروف ''ث'' اور ''ذ'' (ذال) ہیں۔ مغربی بلوچی میں ''ث'' کی ادائیگی ''س'' کی طرح کی جاتی ہے اور ''ذ'' بمعنی ''ز'' کی جاتی ہے جب کہ مشرقی علاقے میں ان حروف کی طرز ادائیگی بالکل عربی سے مشابہ ہے مثلاً عربی لفظ کذالک کو پڑھتے وقت ''کذالک'' کی آواز کے ساتھ نہیں پڑھا جاتا۔ بلکہ اس لفظ کی ادائیگی کے وقت ''ذ'' کی آواز کو زبان کو اوپر کے دانتوں سے مس کر کے ادا کیا جاتا ہے۔ یہی صورت ''ث'' کے بارے میں ہے اس کی ادائیگی بھی عربی طرز میں ہوتی ہے۔ مثلاً مغربی علاقے میں بھائی کے لئے ''براث'' لفظ کی ادائیگی ''براس'' کی شکل میں ہوتی ہے جب کہ مشرقی علاقوں میں ''ث'' کا تلفظ زبان کو نچلے دانتوں کے ساتھ مس کر کے کیا جاتا ہے۔ بلوچی زبان کے چند اہل دانش نے ان دو حروف کو واضح کرنے کے لئے دو نئے حروف کو بلوچی ابجد میں شامل کر دیا۔ جو ''ڈ'' ہیں۔ تا کہ ایسے الفاظ پڑھتے وقت محسوس نہ ہو لیکن نئے الفاظ کی بجائے ''ذ اور ث'' کو اگر عربی تلفظ میں پڑھا جائے تو زیادہ بہتر ہوگا۔

بلوچی حروف ابجد

آ

ا	ب	پ	ت	ٹ	ث
ج	چ	خ	د	ڈ	ذ
ر	ڑ	ز	ژ	س	ش
ع	ف	ک	گ	ل	م
ن	و	ھ	ء	ی	ے

....

بلوچی زبان میں حروف علت کے طور پر حرف ”ء“ کو استعمال کیا جاتا ہے اس پر زبر، زیر یا پیش لگا کر اسے ”کا، کے، کی، کو، سے اور نے“ کے معنوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً

چاکرۂ بیورغءِ ٹھوک نہ منّتہ   چاکر نے بیورغ کی بات نہ مانی

بلوچی حروف ابجد کا استعمال

	بلوچی	اردو		بلوچی	اردو
آ	آزمان	آسمان	ج	بجڑ	بادل
	آس	آگ		جر	کپڑا
ا	اِستار	ستارہ	چ	چم	آنکھ
	آمب	آم		چتر	چٹائی
ب	بز	بکری	خ	خانوادہ	شریف
	براث	بھائی		خرچ	خرچ
پ	پت	باپ	د	دریں	قوس قزح
	پاغ	پگڑی		دتان	دانت
ت	توپک	بندوق	ڈ	ڈغار	زمین
	ترونگل	اولے		ڈکال	قحط سالی
ٹ	ٹیڑ	پہاڑ	ذ	نوذ	پھوار
	ٹل	برج		ذیل	جھیل
ش	ماش	ماں	ر	ریش	داڑھی
	چاش	کنواں		روش	دن۔ سورج

	بلوچی	اُردو		بلوچی	اُردو
ڑ	بڑ	بڑ	م	مزار	شیر
	ربڑ	ربڑ		ماہ	چاند
ز	زہم	تلوار	ن	نغن	روٹی
	زامیفا	خاتون		نوخ	نیاچاند
ژ	ژیغ	نازل ہونا	ش	شف	رات
	ژل گرغ	لڑھکنا۔ گرنا		شیر	دودھ
س	سری	دوپٹہ	و	ورنا	جوان
	سغر	سر		واذ	نمک
غ	غریو	غریب	ھ	ھور	بارش
	غیرت	غیرت		ھارغ	کھجور
ف	فراری	مغرور۔ گوریلا	ء	حرف علت	
	فیر	فائر	ی	یک	ایک
ک	کلات	قلعہ		یکوئی	اتحاد
	کوہ	پہاڑ			
گ	گرند	رعد	ے	اغدے	پھر
	گوخ	گائے		مئے	ہمارا
ل	لوغ	گھر			
	لذ	جنگل			

بلوچی الفاظ کا استعمال

بلوچی	اُردو
آزمانءِ استار	آسمان کے ستارے
بزءِ شیر	بکری کا دودھ
پتءِ پاگ	باپ کی پگڑی
توپکءِ توار	بندوق کی آواز
کلاتءِ کُل	قلعے کے برج
نوکیں جَر	نئے کپڑے
سُہریں چَم	سرخ آنکھیں
دریںءِ رنگ	قوس قزح کے رنگ
اسپیتیں ریش	سفید داڑھی
روش او شپ	دن اور رات
زالبولءِ سری	خاتون کا دوپٹہ
گرند او گروک	بجلی کی گرج اور چمک
ماہءِ ماہکان	چاند کی چاندنی
ہشکیں نگن	سوکھی روٹی
ورنائیں بچ	جوان بیٹا
ہورءِ ترمپ	بارش کے قطرے
راجءِ یکوئی	قوم کا اتحاد
ڈیہءِ آجوئی	وطن کی آزادی
زہمءِ جُنت	تلوار کی میان
ایدءِ نوک	عید کا چاند

الفاظ سے فقرے

الفاظ	بلوچی استعمال	اُردو استعمال
آس	آس شوشیت	آگ جلاتی ہے۔
استار	استار زیبا انت	ستارے خوبصورت ہیں۔
براث	منی دو براث انت	میرے دو بھائی ہیں۔
پِت	پت لوغ آنی مزن انت	باپ گھروں کے بڑے ہیں۔
توپک	توپک ءِ تیر ختم بیثغنت	بندوق کے تیر ختم ہو گئے۔
ئُل	کلات ءِ چیاریں کُنڈاں ئُل انت	قلعے کے چاروں کونوں پر بُرجیاں ہیں۔
جُبڑ	جُبڑ آں بستہ	بادل چھا گئے۔
چَم	چم پ گندغ ءَ انت	آنکھیں دیکھنے کے لئے ہیں۔
دتان	دتان اچاں انت	دانت صاف نہیں ہیں۔
ڈغار	اے ڈغار سوز انت	یہ زمین سبز ہے۔
روش	ہر شف ءِ روش انت	ہر رات کے بعد دن ہے۔
زہم	زہم ءِ ہند توپک ءَ گپتہ	تلوار کی جگہ بندوق نے لی ہے
سری	سری زائیفاءِ شرف انت	دوپٹہ خاتون کا احترام ہے۔
شف	زمستان ءِ شف دراژ انت	سرما کی راتیں لمبی ہیں۔

الفاظ	بلوچی استعمال	اُردو استعمال
کلات	مں سیوی ءِ کلات دیشہ	میں نے سیوی کا قلعہ دیکھا
گرند	گوں گرندءِ ہور تیز بی	بجلی کی گرن کے ساتھ بارش تیز ہوتی ہے
لوغ	ہر کس ءِ وتی لوغ دوست انت	ہر ایک کو اپنا گھر پیارا ہے
مزار	مزار لڈءِ بادشاہ انت	شیر جنگل کا بادشاہ ہے۔
نغن	نغن انسان ءِ گزرانت	روٹی انسان کی ضرورت ہے۔
ورنا	مرشی ءِ چک باندا ءِ ورنا انت	آج کے بچے کل کے جوان ہیں
ہور	شہ زی ءِ ہور گوارغ انت	کل سے بارش ہو رہی ہے
یک	یک منی براث اے	میرا ایک بھائی ہے۔
	آزمان یک انت	آسمان ایک ہے۔
	او استار لکھاں	اور ستارے لاکھوں

بلوچی گنتی

لیکو			گنتی		
	بلوچی	اُردو		بلوچی	اُردو
۱	یک	ایک	۱۹	نوزدہ	اُنیس
۲	دو	دو	۲۰	گیست یا بیست	بیس
۳	سے	تین	۲۱	گیست او یک	اکیس
۴	چیار	چار	۲۲	گیست او دو	بائیس
۵	پنچ	پانچ	۲۳	گیست او سے	تیئس
۶	شش	چھ	۲۴	گیست او چیار	چوبیس
۷	ہپت	سات	۲۵	گیست او پنچ	پچیس
۸	ہشت	آٹھ	۲۶	گیست او شش	چھبیس
۹	نہہ	نو	۲۷	گیست او ہپت	ستائیس
۱۰	دہ	دس	۲۸	گیست او ہشت	اٹھائیس
۱۱	یازدہ	گیارہ	۲۹	گیست او نہہ	اُنتیس
۱۲	دوازدہ	بارہ	۳۰	سی	تیس
۱۳	سیزدہ	تیرہ	۳۱	سی او یک	اکتیس
۱۴	چاردہ	چودہ	۳۲	سی او دو	بتیس
۱۵	پانزدہ	پندرہ	۳۳	سی او سے	تینتیس
۱۶	شانزدہ	سولہ	۳۴	سی او چیار	چونتیس
۱۷	ہبدہ	سترہ	۳۵	سی او پنچ	پینتیس
۱۸	ہژدہ	اٹھارہ	۳۶	سی او شش	چھتیس

لیکو

	بلوچی	اُردو
۳۷	سی او ہپت	سینتیس
۳۸	سی او ہشت	اڑتیس
۳۹	سی او نہہ	انتالیس
۴۰	چل	چالیس
۴۱	چل او یک	اکتالیس
۴۲	چل او دو	بیالیس
۴۳	چل او سے	تنتالیس
۴۴	چل او چیار	چوالیس
۴۵	چل او پنچ	پنتالیس
۴۶	چل او شش	چھیالیس
۴۷	چل او ہپت	سنتالیس
۴۸	چل او ہشت	اڑتالیس
۴۹	چل او نہہ	اُنچاس
۵۰	پنجاہ	پچاس
۵۱	پنجاہ او یک	اکاون
۵۲	پنجاہ او دو	باون
۵۳	پنجاہ او سے	ترپن
۵۴	پنجاہ او چیار	چوّن

گنتی

	بلوچی	اُردو
۵۵	پنجاہ او پنچ	پچپن
۵۶	پنجاہ او شش	چھپن
۵۷	پنجاہ او ہپت	ستاون
۵۸	پنجاہ او ہشت	اٹھاون
۵۹	پنجاہ او نہہ	اُنسٹھ
۶۰	سے گیست۔ شست	ساٹھ
۶۱	سے گیست او یک	اکسٹھ
۶۲	سے گیست او دو	باسٹھ
۶۳	سے گیست او سے	تریسٹھ
۶۴	سے گیست او چیار	چونسٹھ
۶۵	سے گیست او پنچ	پینسٹھ
۶۶	سے گیست او شش	چھیاسٹھ
۶۷	سے گیست او ہپ	سڑسٹھ
۶۸	سے گیست او ہشت	اڑسٹھ
۶۹	سے گیست او نہہ	اُنہتر
۷۰	سے گیست او دہ۔ ہفتاد	ستّر
۷۱	ہفتاد او یک	اکہتر
۷۲	ہفتاد او دو	بہتر

لیکو

	بلوچی	اُردو
۷۳	ہفتاد او سے	تہتر
۷۴	ہفتاد او چیار	چوہتر
۷۵	ہفتاد او پنچ	پچھتر
۷۶	ہفتاد او شش	چھہتر
۷۷	ہفتاد او ہفت	ستتر
۷۸	ہفتاد او ہشت	اٹھتر
۷۹	ہفتاد او نہہ	اناسی
۸۰	چیار گیست ۔ ہشتاد	اسّی
۸۱	چیار گیست او یک	اکاسی
۸۲	چیار گیست او دو	بیاسی
۸۳	چیار گیست او سے	تراسی
۸۴	چیار گیست اور چیار	چواسی
۸۵	چیار گیست او پنچ	پچاسی
۸۶	چیار گیست او شش	چھیاسی
۸۷	چیار گیست او ہپت	ستاسی
۸۸	چیار گیست او ہشت	اٹھاسی
۸۹	چیار گیست او نہہ	نواسی
۹۰	چیار گیست او دہ ۔ نوڑ	نوی

گنتی

	بلوچی	اُردو
۹۱	نوڑ او یک	اکانوے
۹۲	نوڑ او دو	بیانوے
۹۳	نوڑ او سے	ترانوے
۹۴	نوڑ او چیار	چورانوے
۹۵	نوڑ او پنچ	پچانوے
۹۶	نوڑ او شش	چھیانوے
۹۷	نوڑ او ہپت	ستانوے
۹۸	نوڑ او ہشت	اٹھانوے
۹۹	نوڑ او نہہ	ننانوے
۱۰۰	سد	سو
۱۵۰	یک او نیم سد	ڈیڑھ سو
۲۰۰	دو سد	دو سو
۳۰۰	سے سد	تین سو
۵۰۰	پنچ سد	پانچ سو
۹۰۰	نہہ سد	نو سو
۱۰۰۰	ہزار	ہزار
۱۵۰۰	یک او نیم ہزار	ڈیڑھ ہزار
۳۰۰۰	سے ہزار	تین ہزار

لیکو

	بلوچی	اُردو
۵۰۰۰	پنچ ہزار	پانچ ہزار
۹۹۹۹	نہہ ہزار نہہ سد	نو ہزار نو سو
	نوڑ اونہہ	ننانوے
۱۰۰۰۰	دہ ہزار	دس ہزار
۴۰۰۰۰	چل ہزار	چالیس ہزار
۱۰۰۰۰۰	لکھ	لاکھ
۰۰۰۰۰	سے لکھ	تین لاکھ

گنتی

	بلوچی	اُردو
۳۸۰۰۰۰	سے لکھ چیار	تین لاکھ
	گیست ہزار	اسی ہزار
۱۰۰۰۰۰۰	دہ لکھ	دس لاکھ
۲۰۳۰۰۰۰	گیست لکھ سی ہزار	بیس لاکھ تیس ہزار
۲۸۴۲۵۳۷	گیست او ہشت لکھ	اٹھائیس لاکھ
	چل او دو ہزار	بیالیس ہزار
	پنچ سدی او ہپت	پانچ سو سینتیس
۱۰۰۰۰۰۰۰	کروڑ	کروڑ

بلوچی		اردو	
نیم	نصف یعنی ۱/۲	سیمی	تیسرا
سے یک	تیسرا حصہ یعنی ۱/۳	چیارمی	چوتھا
چارک	چوتھائی حصہ یعنی ۱/۴	اس طرح گنتی کے آخر میں "می" لگانے سے ترتیب وار نمبر بنتے جائیں گے۔	
پنچک	پانچواں حصہ ۱/۵		
ششک	چھٹا حصہ یعنی ۱/۶		
اس طرح کسی عدد کے آخر میں "ک" لگاتے جانے سے مختلف حصے بنتے جائیں گے۔		دو ہما کر	دوگنا
		سے ہما کر	تگنا
یک بہر	ایک حصہ	چیار ہما کر	چوگنا
دو بہر	دو حصے	پنچ ہما کر	پانچ گنا
سے بہر	تین حصے	وغیرہ۔	
چیار بہر	چار حصے		
علی ہذا القیاس			
سری یا اولی	پہلا		
دومی	دوسرا		

بلوچی گنتی جملوں میں

بلوچی	اردو
چیار او دو شش بنت	چار اور دو چھ ہوتے ہیں
ماسے براث اوں	ہم تین بھائی ہیں
سیوی شہ کوئٹہ ءِ سد میل انت	سیوی کوئٹہ سے سو میل ہے
پاکستان ءِ چکر سوبہ انت؟	پاکستان کے کتنے صوبے ہیں
پاکستان ءِ چیار سوبہ انت	پاکستان کے چار صوبے ہیں
آں بلوچستان، سندھ، خیبر پختوا (سرحد) او پنجاب انت	وہ بلوچستان، سندھ، سرحد اور پنجاب ہیں۔
کل آں شہ مستریں سوبہ بلوچستان انت	سب سے بڑا صوبہ بلوچستان ہے
بلوچستان گشیکہ پاکستان ءِ نیم انت	بلوچستان پاکستان کا تقریباً نصف ہے۔
بلوچستان ءِ شش ڈویژن انت	بلوچستان کے چھ ڈویژن ہیں
آں کوئٹہ، ژوب، سیوی، کلات، نسیر آباد، او مکران انت	وہ کوئٹہ، ژوب، سیوی، قلات، نصیر آباد اور مکران ہیں
بلوچستان ءِ سی زلہ انت	بلوچستان کے تیس اضلاع ہیں
بلوچستان ءِ سری گورنر لیفٹیننٹ جنرل ریاض حسین اث	بلوچستان کے پہلے گورنر لیفٹیننٹ جنرل ریاض حسین تھے
بلوچستان ءِ سری سروزیر سردار عطاء اللہ مینگل اث	بلوچستان کے پہلے وزیر اعلیٰ سردار عطاء اللہ خان مینگل تھے
اے ڈغار ءِ نیم منی انت	اس زمین کا نصف میرا ہے
چارکے منی براث ءِ انت	ایک چوتھائی میرے بھائی کا ہے
دومی چارک منی ناخو ءِ انت	دوسرا چوتھائی میرے چچا کا ہے
جوہان ءِ بتائی تہا دو بہر راہک او سے یک زمیندار ءِ انت	خرمن کی بٹائی (تقسیم) میں دو حصے کسان اور تیسرا حصہ زمیندار کا ہے

بلوچی	اُردو
زبرین ششمی جماعت ءَ انت	زبرین چھٹی جماعت میں ہے
دوستین ءِ زرّ مس بینک ءَ دو ہما کر بیثغ انت	دوستین کے پیسے بنک میں دوگنا ہو گئے ہیں
جُمّا ءِ روش ءَ سیمی پہر ءَ مس رائی باں	جمعہ کے دن تیسرے پہر میں روانہ ہو جاؤں گا
چیارمی روش ءَ گرداں کایاں	چوتھے دن واپس آؤں گا
من سے روش ءِ موکل گپتہ	میں نے تین دن کی رخصت لی ہے
پھذا گنداوں	پھر دیکھیں گے
نی موکل	اب اجازت
صوبہ ٹہنغ ءِ وخت ءَ بلوچستان ءِ دہ زلہء اَعنت	صوبہ کی تشکیل کے وقت بلوچستان کے دس اضلاع تھے

اسم ضمیر سے متعلق الفاظ

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
من	میں	ایشی	اِس کا
منی	میرا	آہانی	اُن کا
منا	مجھے	ایشانی	اِن کا
ما	ہم	آہاں	اُنھیں
مئے	ہمارا	ایشاں	اِنھیں
مارا	ہمیں	کئے۔ کجام	کون
تہ۔ تو	تو	چے	کیا
شئوا۔ شما	تم، آپ	کدیں	کب
تئی	تیرا	نی۔ ہنّی	اب
شئے۔ شُمے	آپ کا۔ تمہارا	تاں	کون سا
ترا	تجھے	پکو۔ کجا	کدھر۔ کہاں
شئوارا۔ شمارا	تمہیں۔ آپکو	ایذا	ادھر۔ یہاں
آں	وہ۔ واحد	اوذا	اُدھر۔ وہاں
آں	وہ۔ جمع	شہ	سے
آئیی	اس کا	پچے	کیوں

اسم ضمیر جملوں میں

بلوچی	اُردو
کجا روے	کہاں جاتے ہو
لوغ ءِ رواں	گھر کو جاتا ہوں
اے منی کتاب انت	یہ میری کتاب ہے
آں تئی سنگت انت	وہ تیرا دوست ہے
شُما کدیں رائی بے	آپ کب روانہ ہوں گے؟
مانی رائی بوں	ہم ابھی روانہ ہوں گے
پکو	کہاں؟
شہرءِ	شہر کو۔
مناں تئی لوغ پاس انت	مجھے تیرا گھر پسند ہے
آں کئے اث	وہ کون تھا؟
آں منی ناخو انت	وہ میرا چچا ہے
آنہی چیار بچ انت	اس کے چار لڑکے ہیں
ایذا انند	یہاں بیٹھو
اوذا آف انت	وہاں پانی ہے
مارا آہانی حیال انت	ہمیں ان کا خیال ہے
آں مئے سیاد انت	وہ ہمارے رشتہ دار ہیں

سیاداوسکو

بلوچی	اردو
چک	بچہ۔بچی
زھگ۔چورو	لڑکا
مسڈ	لڑکی
بچ	بیٹا
جنک	بیٹی
پت	باپ
ابا	ابو
ماث	ماں
آئی	اماں
براث	بھائی
گہار	بہن
ناخو	چچا
ماما	ماموں
ترو	خالہ۔پھپھی
ناخوزاتک	چچازاد
تری زاتک	خالہ زاد۔پھپھی زاد

عزیزواقارب

بلوچی	اردو
لوغ بانک،زال	بیوی
وسرک	سُسُر۔خسر
وٹی	ساس
نشار	بہو۔بھاوج
زاماث	دامادبہنوئی
ڈکیش	نند
ام جرات	جیٹھانی۔دیورانی
نواسغ	نواسہ۔نواسی۔پوتا۔پوتی
ہفوخ	سوکن
ماتن	سوت
ماتیں ماث	سوتیلی ماں
ماتیں براث	سوتیلا بھائی
رن۔جنوزام	بیوہ
زُنگ	کنوارا
نشتغیں	کنواری
سالوک	منگیتر (لڑکا)

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
برازاتک	بھتیجا۔بھتیجی	منگ	منگیتر (لڑکی)
گہارزاتک	بھانجا۔بھانجی	سانگ	منگنی
لوغ واژہ۔مرد	شوہر	سیر	شادی
نیکاہ	نکاح	سنٹھ	بانجھ
دنا۔سالونک	دولہا	چورہ	یتیم
ونی۔بانور	دلہن	لنگ	لنگڑا
نرین	مرد	گنگ	گونگا
زاہیفہ	عورت	کور	اندھا
ورنا	جوان	کر	بہرہ
پیر	بوڑھا	ہکلو	ہکلانے والا
اوترا	جس کا بیٹا نہ ہو لاولد	لکی	توتلا
کدڑا	ٹھگنا	جیڈی	سہیلی
جڈو	اپاہج	کانڑا	کانا
سنگت	دوست		

بات چیت

بلوچی	اُردو
ھیدران او شاری مرد و زال اَتنت	حیدران اور شاری شوہر اور بیوی تھے
ھیدران ءِ مرگ ءِ رند شاری رن ییشہ	حیدران کے مرنے کے بعد شاری بیوہ ہوگئی
آں وتی ماث پِتءِ لوغءِ شتہ	وہ اپنے ماں باپ کے گھر چلی گئی
آنہی دو بچ او سے جنیک انت	اُس کے دو بیٹے اور تین بیٹیاں ہیں
نشار او ڈشکیش آپتی ءِ جیڈی انت	بھاوج اور نند آپس میں سہیلی ہیں
ھوران ءِ وتی برازاتک وتی بچ ءِ ڈول ءِ دوست انت	ہوران کو اپنا بھتیجا اپنے بیٹے کی طرح پیارا ہے
منی دو براث انت	میرے دو بھائی ہیں
من نیام تاخی آں	میں منجھلا ہوں
دوستین ءِ سانگ ییشہ	دوستین کی منگنی ہوگئی ہے
مُرید حانی ءِ سالوک اَث	مُرید حانی کا منگیتر تھا
بیورغ میر چاکر ءِ گہارزاتک اَث	بیورغ میر چاکر کا بھانجا تھا
زاھیفہ آنی شرف لازم انت	خواتین کا احترام لازمی ہے
لنگ، کر او کوردی مئے ڈولیں انسان انت	لنگڑے، بہرے اور اندھے بھی ہماری طرح کے انسان ہیں۔

جان ءِ سند بند — اعضائے جسمانی

بلوچی	اردو	بلوچی	اردو
سغر	سر	کاڈی	ٹھوڑی
انیشغ	پیشانی	گڑدن	گردن
جزوخ	کنپٹی	گٹ	گلا
چم	آنکھ	کوپغ	کندھا
بروان	ابرو	بانزر	بازو
پچلی۔مچاچ	پلکیں	بغل	بغل
میلغ	آنکھ کا ڈیلا	سروش	کہنی
دیذغ	آنکھ کی پتلی	دست	ہاتھ
گوش	کان	تلی	ہتھیلی
پونز	ناک	موڑداغ	انگلی
دف	منہ	ناخن	ناخن
دتان	دانت	مُشت	مکا
ہاش	ڈاڑھ	سرین	کمر
آری	مسوڑھے	لاف	پیٹ
جوڑ۔لنٹ	ہونٹ	نافغ	ناف
ٹک	تالو	دل	دل
جاڑی	جبڑا	زوان	زبان

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
سینغ۔ڈوبر	سینہ	ڈیب	انگوٹھا
پھلی	پسلی	پُٹ	بال
جغر	جگر	گلالک	مردوں کے لمبے بال
پھپڑ	پھیپھڑہ	مہپر	گیسو
زارک	پتہ	بروت	مونچھ
روث	انتڑی	ریش	داڑھی
گُرئغ	گردہ	دیم	چہرہ
کونڈ	گھٹنا	بُھت	جسم
پاذ	پاؤں	لنک	ران
کڑی	ایڑی	ٹانگ	ٹانگ
بھیڈی	ٹخنہ	ژروچ	حلق
ازیغ	دمہ	دروشم	صورت
گلغ	کھانسی	تف	بخار
سریش	نزلہ، زکام	نادراہ	بیمار
گریغ	چیچک	دوروخ	مریض
کرٹیٹ	کالی کھانسی		

بات چیت

بلوچی	اُردو
آنہی سغرءِ پُٹ دراژ او بژانت	اس کے سر کے بال لمبے اور گھنے ہیں
دتان او ہاشاں آں آری سک دارانت	دانت اور داڑھوں کو مسوڑھے مضبوط رکھتے ہیں
تئی چم شہ وہاوءِ لڑارانت	تیری آنکھیں نیند سے مخمور ہیں
گوش پہ اشکنغءِ انت	کان سننے کے لئے ہیں
چم پہ گندغءِ	آنکھیں دیکھنے کے لئے
دست پہ کارکنغءِ	ہاتھ کام کرنے کے لئے
پاذ پہ جُزغءِ	پاؤں چلنے کے لئے
براث براثانی دست او بازرانت	بھائی بھائیوں کے دست و بازو ہیں
تراریش بروت شرّمان کاینت	تجھے داڑھی مونچھ اچھے لگتے ہیں
منی لافءِ دڑدانت	میرے پیٹ میں درد ہے
درمانے ور	کوئی دوائی کھاؤ
گوانسغءِ شہ آنہی جاڑی درکپتہ	جمائی لینے سے اس کا جبڑا نکل گیا
آں شہ پاذاں شفاذانت	وہ برہنہ پا ہے
منی سروش دورانت	میری کہنی میں تکلیف ہے
بشامءِ زوان سُتکہ	بشام کی زبان جل گئی ہے

لوغ او آنہی شے　　　گھر اور اس کی اشیا

بلوچی	اردو	بلوچی	اردو
ھند۔جاگہ	جگہ	تاک	دروازہ
لوغ۔گس	گھر	جالو	الماری
اوتاک	بیٹھک	کڑو	کنڈی
تمبو۔گدان	خیمہ	جندرو۔کلف	تالا
چھن	صحن	کلت۔کنجی	چابی
ہاویلی	حویلی	میہہ	میخ
وارانڈا	برآمدہ	چٹو	پرنالہ
منہہ	جھونپڑی	وار	لکڑی
بھت۔دیوال	دیوار	آسن	لوہا
چھت	چھت	پوڑی	سیڑھی
کام	شہتیر	چُلہ	چولہا
تھمبہ	ستون۔لکڑی کا	کندوری	دسترخوان
پیلپاوا	ستون اینٹ یا	چتر۔تغرد	چٹائی
	مٹی کا	کٹ۔تہت	چارپائی
پلنگ	پلنگ	شیشن	سوئی
کرشی	کرسی	گوندوش	سوا
میچ	میز	بوہاری	جھاڑو

بلوچی	اردو	بلوچی	اردو
کونٹ	دری	استادا	لوٹا
غالی	قالین	مٹ	مٹکا
مُسلہ	جانماز	گلکھی	صراحی
دزمال	رومال	مشک	مشکیزہ
توی۔تین	توا لوہے کا	جتر	چکی
تافغ	توا پتھر کا	گہ۔سہٹ	زیور
دیز	دیگ	ٹنگو۔سُہر	سونا
ڈولئی	کفگیر	لیف	رضائی
ہیران۔رزان	برتن	کمل	کمبل
کدہ	کٹورا	بھوف	گدیلا
تاس	گلاس	سڑجا	تکیہ۔سرہانہ
گیشن	چھانئی	ڈوہر	چادر

بات چیت

بلوچی	اُردو
منی لوغ ءِ وراندا کسان انت البت چھن مزن انت	میرے گھر کا برآمدہ چھوٹا ہے البتہ صحن بڑا ہے
لوغ ءِ شہ درا اوتاک انت	گھر کے باہر مہمان خانہ ہے
اوتاک ءِ دو تاک انت	مہمان خانہ کے دو دروازے ہیں
بھت شہ سل ءِ تا بیتی ءِ انت	دیوار اینٹوں سے بنی ہوئی
اشی گرا ایک منہہ اے	اس کے پاس ایک جھونپڑی ہے
مئے کلی ءِ بازیں لوغ انت	ہمارے گاؤں میں بہت سے گھر ہیں
اوتاک ءِ تغرد نشیتی ءِ انت	مہمان خانے میں چٹائیاں بچھی ہوئی ہیں
مشک ءِ آف سارت بنت	مشکیزے کا پانی ٹھنڈا ہوتا ہے
تاس شہ آف ءِ پرانت	گلاس پانی سے پر ہے
کدہ ءِ آفشک انت	کٹورے میں شوربہ ہے
ھیران اچانت	برتن صاف ہیں
آنہی ءِ بوھاری نہ داشہ	اس نے جھاڑو نہیں دیا ہے
جانی ءِ گہار جتر درشغا انت	جانی کی بہن چکی پیس رہی ہے
آرت تر کشو تغن پشغا انت	آٹا گوندھ کر روٹی پکا رہی ہے
تارشت دے تیار انت	سالن بھی تیار ہے
کندوری ءِ نشتین	دسترخوان بچھاؤ
بیا نغن ءِ وروں	آؤ روٹی کھائیں
دزمال ءِ زیر	رومال کو اٹھاؤ

بلوچی	اُردو
کٹ ءِ سرا لجوف است انت	چارپائی کے اوپر گدیلا موجود ہے
لیف او سڑ جایہ کن	رضائی اور سرہانہ رکھیں
میچ او کرشی کہن بیثغنت	میز اور کرسی پرانی ہو گئی ہیں
کڑوءِ جندرو جشی ءَ انت	کنڈی میں تالا لگا ہوا ہے
چلہ ءِ آس تستہ	چولہے کی آگ بجھ گئی ہے
آئہی کلیں گہہ سہریغ اِنت	اس کے سارے زیور سونے کے ہیں
سہر باز گران انت	سونا بہت مہنگا ہے
نی تہ آسن وے ارزان نہ اں	ابھی تو لوہا بھی ارزان نہیں
استاوا ءِ زیر بر	لوٹے کو اٹھا کر لے جاؤ
وزدیم ءِ کن او مُسلہ ءِ زیر	وضو کرو اور جانماز کو اٹھا

سئوزی، میوہ او پُل آنی نام　　　　سبزی، میوے اور پھلوں کے نام

بلوچی	اردو	بلوچی	اردو
امب	آم	کدو	کدو
انجیر	انجیر	ٹماٹر	ٹماٹر
آرٹ	آٹا	پالک	پالک
بادام	بادام	موڑک	کلفہ
بادرنگ	کھیرا	دھاڑیا	دھنیا
بج۔تخم	بیج	مرجان۔پلپل	مرچ
بینغ	شہد	میتھی	میتھی
باجری۔ارزن	باجرہ	مولی	مولی
برنج۔چاتول	چاول	گاجر	گاجر
پارسہ	فالسہ	وشل۔پیاز	پیاز
پوٹا	الائچی	توم۔سیرک	لہسن
پٹاٹہ	آلو	چاہنو۔کیبغ	تربوز
توت	شہتوت	ڈاڑھو۔انار	انار
تیوغ۔گدرو	خربوزہ	دراک۔انگور	انگور
توری	توری	کیلا۔موز	کیلا
کاٹ توری	بھنڈی	سنترہ	سنگترہ
گوگلو	شلجم	نارنجی	نارنگی

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
واگڑ	بینگن	لیمو	لیمو
سوف	سیب	وہاذ	نمک
زیتون	امرود	چانہہ	چائے
کواند۔کماد	گنا	ھارغ۔ھرما۔کجی	کھجور
باغ	بیر	گوژد	گوشت
کنر	پہاڑی بیر	درشک	درخت
دان	غلہ	گلاب گل	گلاب
گندیم	گندم	تازبو	تازبو۔تلسی
زرت	جوار	آشک	شوربہ
پستہ	پستہ	وہژد	خوراک
چنزا	چنا	تام	ذائقہ
دال	دال	تاورشت۔بوڑ	سالن
یزہ	چلغوزہ	پاڑ	جڑ
بورا۔کھنڈ۔شکر	چینی	ٹمب	ٹہنی
شکل	مصری	شمب	شاخ
شیر	دودھ	تاخ	تنکا
لسی	لسی	ٹگ	پتا
مسیغ	دہی	واڑی	پالیز
موشن۔روغن	گھی	پسل	فصل
سجلیں موشن۔نیمگ	مکھن	ہریڑ	ہڑ
آلو۔ہیک	انڈا		

بات چیت

بلوچی	اُردو
کرو دے میوہ وشش انت	کچھ میوے میٹھے ہیں
چُکی ے میوہ ترش انت	کچھ پھل کھٹے ہیں
امب بازو شیں میوہ اے	آم بہت میٹھا پھل ہے
لیمو ترش انت	لیمو کھٹا ہے
مناں سوف اودراک پاس انت	مجھے سیب اور انگور پسند ہیں
گرم آف ءِ تیوغ وشش بنت	بارش کے پانی کے خربوزے میٹھے ہوتے ہیں
وسل توم اودھانڑیا بوڑءِ چہرا کننت	پیاز لہسن اور دھنیا سالن کو چٹ پٹا بناتے ہیں
وباز اودمرجان ءَ ابید وھرڑدءِ تام جوان نہ ویث	نمک اور مرچ کے بغیر خوراک کا ذائقہ ٹھیک نہیں ہوتا
شیرءِ لافا پوٹا مان کن	دودھ کے اندر الائچی ڈال دو
چانہہءِ بورا کم انت	چائے میں چینی کم ہے
شاری مسیحءِ متغیں	شاری دہی بلو رہی ہے
نغنءِ سجلیں موشنءِ مُش	روٹی کو مکھن ملو
سبزی آں شہ کاٹ توری جوان انت	سبزیوں میں سے بھنڈی اچھی ہے
تراتاں ناورشت پاس انت	تجھے کونسا سالن پسند ہے؟
مناں گوژدءِ بوڑ پاس انت	مجھے گوشت کا سالن پسند ہے
پستہ گران انت	پستہ مہنگا ہے
ہارغ گران نہ انت	کھجور مہنگا نہیں ہے

بلوچی	اُردو
مکران تہا ھرما باز انت	مکران میں کھجور بہت ہے
سندھ تہا امب باز بیث	سندھ میں آم بہت ہوتا ہے
اے بادام گیشترا جور انت	یہ بادام زیادہ تر کڑوے ہیں
زیتون سڑتی ءَ انت	امرود سڑے ہوئے ہیں
کیلا تازغ انت	کیلے تازہ ہیں
کیلاء چل ءَ کش	کیلے کا چھلکا اتارو
امب ساڑتیں ھنداں پیدا نہ ویث	آم سرد علاقوں میں پیدا نہیں ہوتا
انگور گرمیں ھندانی میوہ اے نہ انت	انگور گرم علاقوں کا پھل نہیں ہے
امبراں زرت ءِ پسل جوان انت	اس سال جوار کی فصل اچھی ہے
درشک ءَ شہ پاڑ ءَ مہ گڈ لمبے جنے	درخت کو جڑ سے مت کاٹو ایک ٹہنی کاٹ لو

پوشاک لباس

بلوچی	اُردو
جر۔گُد۔چِچ	کپڑا
پٹ۔ابریشم	ریشم
بندیج	دھاگہ
شیشن	سوئی
گوندوش	سوا
گنڈھ	گانٹھ
دوش	سلائی
اگوڑی	پیوند
پاغ۔ٹکا	پگڑی
سری	دوپٹہ
شال	شال
پشتی	چادر
ٹوپی۔ٹوپ	ٹوپی
پشک۔جامگ	قمیص
شلوار	شلوار
آمیچ	ازاربند
گنجی۔بنین	بنیان
موزغ	موزے
بانہی	چوڑی
ٹپلی	کوکا
پلوہ	نتھ

بلوچی	اُردو
لانک	لنگوٹا
پھدو۔کیتو	جیب
سدری	واسکٹ
گُڈا	کوٹ
دزمال	رومال
ٹوال	تولیہ
سواس	مزری کے بنے ہوئے چپل
چھبو	چپلی
بوٹ	بوٹ
جُتی۔کوش	جوتی
لوت	تھیلا
پیش	مزری
کرپاس۔پکی	کپاس
پڑم	اون
کورو	کھدر
مندری	انگوٹھی
پاڑی	پازیب
کنگر	کنگن
حس	طوق
والی	بالی

بات چیت

بلوچی	اُردو
آنہی ءِ ایدءِ جر تیار انت	اس کے عید کے کپڑے تیار ہیں
پشک دوتکی ءَ انت	قمیض سلا ہوا ہے
شلوارءَ مرشی دوشیت	شلوار آج سی لے گا
شیشن تہا بندیگءَ مان کن	سوئی میں دھاگے کو ڈالو
گنجی شُشتی ءَ بنداں	بنیان دُھلی ہوئی نہیں ہے
تئی پھدّ وشہ چےءَ پرانت	تمہاری جیب کس چیز سے بھری ہے
منی پھدّ وشہ چےءَ پرانت	میری جیب کس چیز سے بھری ہے
بہرامءَ جبغ کشغیں سدری گرّاں	بہرام نے کشیدہ کی ہوئی واسکٹ پہنی ہے
لوت تہا بندیگ، شیشین، جتی او موزغ مان انت	تھیلے میں سوئی، دھاگہ، جوتی اور موزے پڑے ہیں
آں غریبوءِ جر دڑتی ءَ انت	اس غریب کے کپڑے پھٹے ہوئے ہیں
سیغءِ وختا سیاہیں جر آں گراکن انت	ماتم کے وقت کالے کپڑے پہنتے ہیں
پٹیں جر گرم انت	اونی کپڑے گرم ہیں
سری ءَ سغرءَ کن	دوپٹے کو سر پر ڈالو
بلوچ پُشتی ءِ وشہ بیڑغ، نشتغ او چکءِ دیغءِ کار گرانت	بلوچ چادر سے لپیٹنے، بچھانے اور اوڑھنے کا کام لیتے ہیں

اوارکنوکیں لوز

بلوچی	اُردو
ءِ۔ءَ	کا، کے، کی، کو، نے، میں
شہ۔ژا۔چہ	سے
سرا۔پیشا	پہلے
رندا	بعد میں، پھر
پھدا۔پشتا	پیچھے
دیما	آگے، سامنے
نی۔ہنی	اب
گُڈ۔گڑا	پھر
ہم۔دے	بھی
بنا۔شیرا	نیچے
جہلا۔پاتنا	زیریں۔نیچے
برز۔سربرا	اوپر
پہ	کے لئے
چوں	کیسے
کُڑدے	کچھ
سرا۔چکا	پر۔اوپر
تہا۔توکا۔لاقا	اندر۔میں
تنکہ	تاکہ

حروف جار

